نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے شجر کاری مہم کے تحت لبرٹی چوک لاہور میں پودا لگایا اور عام شہریوں میں مختلف اقسام کے پھلوں، آرائشی وزیبائشی پودے مفت تقسیم کیے

لاہور 21 مارچ 2024: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ پنجاب کو سر سبز بنائیں گے۔ شجر کاری مہم ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کیلئے انتہائی ناگزیر ہے جس میں تمام پاکستانی عوام کو شامل ہو کر اپنا قومی فریضہ سر انجام دینا چاہیے۔ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے لبرٹی چوک لاہور میں موسم بہار کی شجر کاری مہم کے تحت پودا لگاتے ہوئے کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ 21 مارچ "جنگلات کے عالمی دن" کے طور پر منایا جاتا ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر امسال لاہور میں اربن فارسٹیشن کے تحت 11 لاکھ پودے لگائے جائیں گے۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے شہریوں میں مختلف اقسام کے پودے اور شجر کاری سے متعلقہ معلوماتی مواد بھی تقسیم کیا۔انھوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی اور گلوبل وارمنگ جیسے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کیلئے درختوں کی تعداد میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔وزیر زراعت نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت نے ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کیلئے شجر کاری مہم شروع کی ہے جس میں تمام سرکاری مشینری حصہ لے رہی ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ اس مہم کو کامیاب بنانے کیلئے تمام قوم اپنا حصہ ڈالے تاکہ مستقبل میں آنے والی نسلیں ایک صاف ستھرے اور ہرے بھرے ملک میں سانس لے سکیں۔

☆☆☆☆